# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ: 1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 1 | سبق کا نام: تعارف | | |

**مقاصد:** نئی جماعت میں اپنا تعارف کروا سکیں۔

ساتھیوں کو جماعت میں خوش آمدید کہہ سکیں۔

اسکول اور کتاب سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب۔ رنگین پنسلیں، پھولوں کے کٹ آؤٹ، آئس کریم، اسٹکس، گوند

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- پہلے دن کو ایک دوسرے سے تعارف کے لیے مخصوص رکھیں تا کہ باقی سال میں تدریس بہتر انداز اور خوش گوار ماحول میں ممکن ہو سکے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اس پیریڈ میں طلبہ و طالبات کا تعارف شامل ہے۔
- بچوں کو نئی جماعت میں آنے پر مبارک باد دیں اور گرم جوشی سے خوش آمدید کہیں۔




- تمام بچے اپنی اپنی نشستوں سے اُٹھ کر دوسروں سے ملیں۔ مصافحہ کریں اور جماعت میں آنے پر خوش آمدید کہیں۔
- کسی گتے پر پھُولوں کے خاکے چسپاں کر کے تراشے کاٹیں اور سرگرمی کے لیے کٹ آؤٹس تیار کر لیں۔
- تیاری کے دوران جماعت میں بچوں کی تعداد کو مدِ نظر رکھا جائے۔
- بچوں کو گروہوں کی صورت میں بٹھائیں۔ ہر بچے کو ایک ایک پھول کا کٹ آؤٹ اور آئس کریم اسٹک دیں۔
- رنگ دار پنسلیں اور گوند گروہوں میں فراہم کریں تا کہ مل کر استعمال کی جا سکیں۔



- بچوں کو واضح انداز میں ہدایات دیں اور مثال کے لیے ساتھ ساتھ کر کے دکھائیں۔
- انھیں بتائیں کہ ہر بچہ پھول کے درمیان میں اپنا نام لکھے اور پتیوں میں مرضی کے رنگ بھرے۔
- رنگ بھرنے کے بعد گوند کی مدد سے آئس کریم اسٹک پھول سے چپکائے تا کہ مکمل پھُول بن جائے۔
- بچے اپنا نام لکھنا جانتے ہیں اس لیے وہ یہ کام با آسانی کر لیں گے۔ دقّت پیش آنے کی صورت میں راہ نمائی کریں۔
- دیوار پہ چارٹ کی مدد سے ایک جیب نُما ٹوکری بنا کر پہلے سے لگا لیں تا کہ بچوں کے بنائے ہوئے پھُول اس میں رکھے جا سکیں۔
  اس ٹوکری پر نمایاں انداز میں "جماعت سوم کے پھول" لکھیں۔
- سرگرمی کے دوران میں جہاں ضرورت ہو، بچوں کی مدد کریں۔
- تمام پھول مکمل ہونے کے بعد ہر بچہ باری باری آئے۔
- اپنا بنایا ہُوا پھول ہم جماعتوں کو دکھائے اور اپنا تعارف کروائے۔ (نام، پسندیدہ کھانے کی چیز، پسندیدہ کھیل، بہترین دوست، وغیرہ)
- ہر بچے کے لیے تالیاں بجوائیں اور اُس کا بنایا ہوا پھول دیوار میں بنائی گئی ٹوکری میں رکھتے جائیں۔

- اس سرگرمی سے تمام بچے ایک دوسرے کے متعلق جان جائیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار:(22منٹ)

- حال پوچھنے کے بعد بچوں سے کچھ سوالات کریں۔
- آپ کو اسکول آنا کیسا لگتا ہے؟
- آپ کو یہ جماعت کیسی لگی؟
- آپ کو اس جماعت کی نئی کتابیں کیسی لگیں؟
- آپ کی پسندیدہ سواری کون سی ہے؟
- ریل گاڑی کا سفر کس کس نے کیا ہوا ہے؟
- بچوں سے کہیں کہ آج ایک ریل گاڑی اسکول کی سیر کے لیے جا رہی ہے۔ کون کون اس سیر کے لیے جانا چاہے گا؟
- اس قسم کے سوالات سے بچوں میں جوش و خروش کو بڑھایا جا سکتا ہے تاکہ وہ جلدی سے جلدی نئی جماعت، نئے اسکول اور نئی کتابوں سے آشنا ہو سکیں۔
- پھر تمام بچوں کی ریل گاڑی بنوائیں۔
- جماعت سے نکلنے سے پہلے ہدایات دیں۔
- انھیں بتائیں کہ ہر بچہ ریل گاڑی کا ایک ڈِبّا ہے۔
- یہ ریل گاڑی صرف اسٹیشن سے نکلتے وقت ہلکی سی سیٹی بجاتی ہے تاکہ دوسرے پریشان نہ ہوں۔
- سیر کے دوران میں کسی قسم کا شور نہیں کرتی۔ جو پوچھا جاتا ہے اس کا جواب ہلکی آواز میں دیتی ہے۔
- اس ریل گاڑی کا ہر ڈِبّا بہت سمجھ دار ہے اور بولنے سے پہلے ہاتھ اُٹھا کر اجازت لیتا ہے۔
- انھیں یہ بھی بتائیں کہ یہ ریل گاڑی مختلف اسٹیشن پر رُکے گی جہاں اسے رُکنے کی ہدایت دی جائے گی۔
- سب ڈبّے ایک دوسرے کے ساتھ رہیں گے۔ کوئی ڈبّا دوسرے ڈبّے کو نہیں دھکیلے گا۔
- ہدایات دینے کے بعد جماعت سے بچوں کی ریل گاڑی نکالیں اور کینٹین، لائبریری، کھیل کا میدان، پرنسپل کا دفتر اور دیگر اہم جگہوں پر رُکتے ہوئے تعارف کروائیں۔
- سرگرمی کے آخر میں اسکول کا مختصراً تعارف دوبارہ دیں اور بتائیں کہ اسکول ایسی جگہ ہوتی ہے جہاں ہم تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ایک بہتر انسان بننے کی کوشش کرتے ہیں اس لیے اسے ہمیشہ صاف رکھنا چاہیے اور اس کے اصولوں اور قوانین کا خیال رکھنا چاہیے۔
- جماعت میں واپس آنے کے بعد بچوں سے اُن کی نئی کتاب کے بارے میں بات چیت کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ ذرا پڑھنے کی کوشش کریں کہ اس کتاب کا نام کیا ہے؟ سرورق پر موجود تصویر کے بارے میں بچوں سے بات کریں۔
- بچوں کو کتاب کی فہرست دکھائیں اور بتائیں کہ فہرست میں مکمل اسباق کے عنوانات صفحہ نمبر کے ساتھ لکھے ہوتے ہیں۔
- بچوں سے اسباق کی تعداد پوچھیں۔ بچوں سے کہیں کہ اسباق کے نام پڑھیں۔ بچوں کو اس کتاب کے کل صفحات کی تعداد بتائیں۔
- سب بچوں سے فرداً فرداً جواب لیں اور انھیں بتائیں کہ آپ اس کتاب سے اچھی اچھی باتیں سیکھیں گے۔

**اعادہ:**(3 منٹ) بچوں کو بتائیں کہ کتاب ہماری سب سے اچھی دوست ہوتی ہے۔ اس کی حفاظت کرنی چاہیے۔ اس سے پیار کرنا چاہیے اور اس کا احترام کرنا چاہیے۔ اسے کبھی نیچے نہ پھینکیں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) بچوں سے اسکول کے مقامات کے بارے میں مختلف سوالات کریں۔

جیسے کتابیں پڑھنے کے لیے کون سی جگہ جایا جاتا ہے؟

کینٹین میں چیز لینے کے لیے کون سا اصول دھیان میں رکھنا چاہیے؟

دو سے تین بچوں کو کھڑا کر کے پوچھیں کہ آج اُنھوں نے کونسی نئی باتیں سیکھی ہیں کوئی سی تین بتائیں؟

**گھر کا کام:**

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** حمد درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب۔ پرچیوں کا ڈبا۔ بچوں کے ناموں کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کو دائرے کی صورت میں بٹھائیں اور خود درمیان میں بیٹھ جائیں۔
- بچوں سے سوال کریں جیسے:
- ہم سب کو کس نے تخلیق کیا؟
- ہم سب کس کی عبادت کرتے ہیں؟
- ہم سب کا رازق کون ہے؟
- ہم سب کا راہ نما کون ہے؟
- تمام بچوں سے ان سوالات کے فرداً فرداً جواب حاصل کریں۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیں کہ ہم سب کا رازق، خالق، راہ نما اور مالک صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ اسی لیے ہمیں اس کی ہی عبادت کرنی چاہیے۔
- ہمیں اپنے مسائل کے حل کے لیے بھی اللہ تعالیٰ ہی سے رجوع کرنا چاہیے۔
- بچوں کو بتائیں آج ہم اللہ تعالیٰ کی تعریف میں لکھی گئی نظم "حمد" پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)



- بچوں کو بتائیں کہ جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی جائے، اسے "حمد" کہتے ہیں۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- نظم "حمد" میں دیے گئے "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کی پرچیاں تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں ایک ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا کر وہ پرچیوں والا ڈبا ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک پرچی اٹھا لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔
- جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر باآواز بلند پڑھائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے پرچیاں لے کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے ایک "لفظی دیوار" بنا دیں۔

- بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 3 کھول کر دکھاتے ہوئے ہدایت دیں کہ وہ بھی اپنی کتاب کا صفحہ نمبر 3 کھولیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ ہی صرف اس کائنات کا خالق و مالک ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے دنیا کی ہر چیز بنائی۔
- ہمیں ان نعمتوں پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔
- حمد کی بلند خوانی نمونے کے طور پر پہلے خود کریں۔
- ہر مصرع درست تلفظ اور ترنّم سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔
- مشکل الفاظ کے معانی ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنادیں اور ہر گروہ کو نظم کا ایک ایک شعر تفویض کر دیں۔
- اب ہر گروہ کا ایک ایک بچہ باری باری انھیں تفویض کردہ شعر پڑھے گا اور دوسرے گروہوں کے بچے دھیان سے سنیں گے۔
- جہاں اس بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- اس کے علاوہ خیال رکھیں کہ بچے نظم کو نظم کے انداز میں پڑھیں نہ کہ نثر کے انداز میں۔
- پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ تختہ تحریر پر لکھتے جائیں اور جب بچہ شعر مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔
- اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا مختصراً اعادہ کروادیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) متفرق بچوں سے حمد کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) حمد کی پڑھائی کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 3 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب۔ الفاظ پر مشتمل پرچیاں، گیند

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ضرور ہوتا ہے۔ ہم سب کے ناموں کے بھی مطالب ہوتے ہیں۔
- آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے ایک دوسرے کے ناموں کے مطالب جانیں گے۔
- بچوں کو ایک دائرے کی شکل میں کھڑا کریں اور خود درمیان میں کھڑے ہو جائیں۔
- اب ایک گیند لیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ایک سے دوسرے کو آگے بڑھاتے جائیں اور دس تک گنتی گننی شروع کریں۔
- جس بچے پر دس آئے گا اس بچے سے اس کا نام پوچھیں اور اس بچے کو اس کے نام کا مطلب بتائیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی متفرق بچوں سے کروائیں تاکہ بچوں میں پڑھائی کے لیے جوش بڑھ جائے۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق حمد میں موجود مشکل الفاظ کے معانی جانیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بورڈ پر کتاب کے صفحہ نمبر 4 پر موجود تمام نئے الفاظ لکھ دیں اور جماعت کے تمام بچوں سے چار سے پانچ مرتبہ بلند خوانی کرائیں۔
- الفاظ کے معانی بھی بچوں کو تفصیل سے سمجھا دیں پھر پرچیوں پر الفاظ لکھ کر پرچیاں تیار کر لیں۔
- ہر لفظ کی دو پرچیاں تیار ہوں۔
- جماعت کو دو حصوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- ان سے کہیں کہ آپس میں بات چیت کریں اور ان الفاظ کے معانی سمجھنے کی کوشش کریں۔
- اس سرگرمی کے لیے انھیں پانچ منٹ کا وقت دیں۔
- بچوں کے ساتھ بات چیت کرنے کے دوران میں بورڈ پر دو کالم بنا لیں۔
- ایک کالم میں صفحہ 4 کے تمام الفاظ لکھ لیں اور دوسرے کالم میں بچوں کی جانب سے بتائے جانے والے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اُس جواب کو بورڈ پر لکھ دیں۔
- جوابات بورڈ پر لکھنے کے بعد کانٹ چھانٹ شروع کریں۔
- درست معانی لکھے رہنے دیں جبکہ غلط معانی مٹا دیں۔

| |
|---|
| • اس کے بعد تمام بچوں کو الفاظ کے معانی بلند آواز میں پڑھائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو مختصراً الفاظ کے معانی سمجھادیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے معانی لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

# ورک شیٹ

دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| راہ نما | | نقش | |
| بھولے بھٹکے | | مراد | |
| تن | | آسرا | |
| مالک | | سنوارنا | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 4 | | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب۔ سوالات پر مشتمل پرچیاں، شیٹس

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور دونوں گروہ کو ایک ایک شیٹ دیں، جن پر بچوں کی پسند اور ناپسند کے متعلق دو دو سوال لکھے ہوں۔
- ایک گروہ کے بچوں سے کہیں کہ وہ دوسرے گروہ سے شیٹ پر لکھے ہوئے سوالات پوچھیں۔
- دوسرے گروہ کے بچے ان سوالات کے جوابات دیں گے۔
- پھر اسی طرح دوسرے گروہ کے بچے پہلے گروہ کے بچوں سے سوال پوچھیں اور پہلے گروہ کے بچے ان کے جواب دیں گے۔
- جس گروہ کے بچے سوالات کے درست جواب دیں گے، وہ گروہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- اس کے بعد بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق سے متعلقہ سوالات کے جوابات جانیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)



- جماعت کے بچوں کو سوالات کے جوابات اچھی طرح سمجھا دیں۔
- اس کے بعد پہلے بچوں سے زبانی طور پر سوالات کے جوابات حاصل کرنے کے لیے صفحہ نمبر 4 پر دیے گئے سوالات اور جوابات الگ الگ پرچیوں پر لکھ کر جماعت میں لائیں اور اِن پرچیوں کو جماعت کے بچوں میں تقسیم کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ اپنے پاس موجود پرچیوں پر لکھے ہوئے سوالات اور جوابات کو پڑھیں۔
- اب جن بچوں کے پاس سوالات کی پرچیاں ہوں وہ بورڈ کے دائیں جانب کھڑے ہو جائیں۔
- ایک بچہ سوال پڑھے، جماعت میں موجود جس بچے کے پاس اس کا جواب ہو، وہ بورڈ کے بائیں جانب آ جائے۔
- اسی طرح تمام سوالات اور ان کے درست جوابات کی نشان دہی کروائیں۔
- اس کے بعد صفحہ نمبر 4 پر موجود تمام سوالات کے جواب لکھوانے کے لیے تمام سوالات بورڈ پر لکھ لیں۔
- اس کے بعد ایک ٹوکری میں سب بچوں کے ناموں کی بند پرچیاں ڈالیں۔ کوئی سی ایک پرچی نکالیں۔
- جس بچے کا نام آئے اس سے سوال کا جواب پوچھیں۔

| |
|---|
| • وہ بچہ سوال کا جواب بورڈ پر لکھے گا اسی طرح اگلے بچے کے نام کی پرچی نکال کر اس کا نام پکاریں اور سوال کا جواب لکھوائیں۔<br>• آخر میں بورڈ پر سوالات کے جوابات لکھیں اور بچوں سے مکمل سوالات کے جوابات کی خواندگی کروانے کے بعد بچوں کی کاپیوں پر سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سوالات کے جوابات پڑھا دیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند سوالات لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جواب لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

دیے گئے سوالات کے جواب لکھیں۔

الف۔ ساری دنیا جہان کا مالک کون ہے؟

ب۔ اللہ تعالیٰ کن لوگوں کا راہ نما ہے؟

ج۔ کون لوگ اللہ تعالیٰ کو اپنا دکھ سناتے ہیں؟

د۔ اپنے دل کی مرادیں کیسے حاصل کی جاسکتی ہیں؟

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم:　یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** حروف جوڑیں اور لفظ بنا کر مصرعے مکمل کر سکیں۔

کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب۔ شیٹیں، ٹوکری، پلاسٹک کے انڈے

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم اپنے اپنے ناموں کے حروف الگ الگ کریں گے اور ان کو جوڑ کر اپنا نام لکھیں گے۔
- اس کام کو مکمل کرنے کے لیے جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنالیں۔
- ایک گروہ دوسرے گروہ کے بچوں کے ناموں کے حروف الگ الگ کر کے بورڈ پر لکھے۔
- جب کہ دوسرا گروہ ان حروف کو جوڑ کر ان کے الفاظ یعنی بچوں کے نام مکمل کر کے لکھیں اور ان کے ناموں سے متعلق ایک ایک جملہ بھی بنا کر ساتھیوں کو سنائیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی جماعت کے دوسرے گروہ سے بھی کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اپنے سبق میں بھی حروف کو جوڑ کر لفظ بنائیں گے اور مصرعے مکمل کریں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)





- مصرعے مکمل کروانے کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بچوں سے کتاب کا صفحہ 3 کھلوائیں، اور بچوں کو اعادے کے لیے خاموشی سے نظم پڑھنے کو کہیں۔
- اس دوران میں یہ دھیان رکھیں کہ بچے متعلقہ صفحے پر سطر کے نیچے اُنگلی رکھ کر پڑھ رہے ہوں۔
- اگر کسی بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو تو اس کی انفرادی طور پر راہ نمائی کریں۔
- خاموش پڑھائی کے بعد کچھ بچوں سے باآواز بلند متن کی پڑھائی کروائیں۔
- پڑھائی کے دوران میں خیال رکھیں کہ بچے درست تلفظ سے الفاظ ادا کر پا رہے ہوں نیز شعر ترنم سے پڑھتے ہوں۔
- مختلف بچوں کو نظم پڑھنے کا موقع دیں۔
- اس کے بعد کتاب کا صفحہ نمبر 4 کھلوائیں اور بورڈ پر نامکمل مصرعے لکھ دیں۔
- مصرعے کے سامنے لکھے حروف کو جوڑ کر لفظ بنائیں اور دیا گیا مصرعہ مکمل کریں۔
- اس کے بعد نامکمل مصرعوں پر مشتمل پرچیاں بنا کر ایک ٹوکری میں رکھیں۔
- اور مصرعوں کے سامنے لکھے الفاظ کو مکمل کرنے والے حروف کی پرچیاں بنا کر پلاسٹک کے انڈوں میں رکھ دیں۔

- یاد رکھیں کہ ایک لفظ کے مکمل حروف کی پرچیاں ایک انڈے میں موجود ہوں۔
- انڈے تیار کرتے وقت اس بات کا دھیان رکھیں کہ ہر لفظ کے حروف پر مشتمل چار چار انڈے تیار کر لیں۔
- جماعت کے چار گروہ بنا لیں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کے انڈے فراہم کریں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ اپنے پاس موجود انڈوں میں سے پرچیاں نکال کر ان کے الفاظ مکمل کر کے رکھ لیں۔
- استاد ایک نامکمل مصرعہ پڑھے گا اور جس گروہ کے بچے نامکمل مصرعے میں لگنے والے جلدی سے درست لفظ بتائیں گے وہ گروہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- ٹوکری میں سے ایک پرچی نکال کر نامکمل مصرعہ پڑھیں اور تمام گروہ کے بچوں سے مصرعہ مکمل کرنے کے لیے کہیں۔
- جو گروہ زیادہ سے زیادہ مصرعے مکمل کر لیں گے اس گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- آخر میں ان تمام نامکمل مصرعوں کو بورڈ پر لکھیں اور مکمل مصرعوں کی جماعت میں پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد صفحہ نمبر 5 پر موجود سوال نمبر 3 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر کتاب میں موجود کالم بنائیں اور بچوں کو ان کی پڑھائی کروائیں۔
- دی ہوئی مثال کو سمجھانے کے بعد متفرق بچوں سے ان مصرعوں کو آپس میں ملوائیں۔
- آخر میں سب سے اچھا کام کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر چند نامکمل مصرعے لکھیں اور بچوں سے ان مصرعوں کی تکمیل کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد** اپنی پسند ناپسند کا اظہار کر سکیں۔

اپنی پسند کی نظم یا اشعار سنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب۔ ٹوکری، شیٹس

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- پچھلے سبق کے اعادہ کے لیے بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور دونوں گروہوں کو ایک ایک شیٹ دیں، جن پر نامکمل مصرعے لکھے ہوں۔
- ایک گروہ کے بچوں سے کہیں کہ وہ دوسرے گروہ سے شیٹ پر لکھے ہوئے نامکمل مصرعے درست لفظ کی مدد سے مکمل کروائیں۔

- پھر اسی طرح دوسرے گروہ کے بچے پہلے گروہ کے بچوں سے شیٹ پر لکھے ہوئے نامکمل مصرعے درست لفظ کی مدد سے مکمل کروائیں۔
- اور پہلے گروہ کے بچے ان کے جواب دیں گے۔
- جس گروہ کے بچے زیادہ مصرعوں کو مکمل کریں گے، وہ گروہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔



**تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)**

- کتاب کے صفحہ نمبر 5 کے سوال نمبر 4 کی سرگرمی کروانے کے لیے جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ایک دوسرے کو سبق میں موجود حمد کی با آواز بلند خوانی کر کے سنائیں۔
- اس دوران میں ہر مصرعے کو درست تلفظ اور ترنّم سے پڑھا جائے نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال بھی رکھا جائے۔
- استاد نظم میں موجود مشکل الفاظ کے معانی ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔
- نظم کی پڑھائی کروانے کے بعد بچوں کی آپس میں بات چیت کروائیں اور بتائیں کہ آپ کو حمد نظم کیسی لگی؟
- اس کام کے لیے بچوں کو مخصوص وقت دیں اس کے بعد دونوں گروہوں میں سے متفرق بچوں کو بلوا کر ان سے سوال کا جواب حاصل کریں۔



- کتاب کے صفحہ نمبر 5 کے سوال نمبر 5 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت کے بچوں کے ناموں کی پرچیاں بنا کر ایک ٹوکری میں ڈالیں۔
- ٹوکری میں سے ایک پرچی نکالیں۔
- جس بچے کا نام نکلے اس کو ہدایت دیں کہ وہ نظم حمد میں سے یا اپنی پسند کی کوئی دوسری حمد کا پسندیدہ شعر پڑھ کر جماعت کے ساتھیوں کو سنائے۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی بچوں سے بھی کروائیں۔
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) متفرق بچوں سے حمد کے متفرق اشعار سنیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔